

# کرونا وائرس کے ٹیسٹ کی ہدایات

تاریخ اجراء: 25 مارچ 2020

کرونا وائرس کے مریضوں کی تشخیص کے لئے دنیا بھر میں پی سی آر ٹیسٹ کو سب سے معیاری سمجھا جاتا ہے اور حکومت پاکستان بھی یہی ٹیسٹ تجویز کرتی ہے۔ حکومت کی طرف سے ملک بھر میں 14 لیبارٹریاں مختلف شہروں میں اس ٹیسٹ کی سہولیات مفت فراہم کر رہی ہیں۔

وبا کی حالیہ صورت حال کو دیکھتے ہوئے ہر شخص کے لئے پی سی آر ٹیسٹ کرنا مناسب نہیں۔ چنانچہ وزارت صحت نے کرونا وائرس کی تشخیص کے لئے پی سی آر ٹیسٹ کرنے کی ایک درجہ بندی کر دی ہے جسے سامنے رکھتے ہوئے ڈاکٹر کسی مریض کے ٹیسٹ کا فیصلہ کرتے ہیں۔

## 1 پہلی ترجیح

- وہ لوگ جن میں سانس کی بیماری کی علامات ہوں اور انہوں نے کرونا وائرس کے مصدقہ مریض کے ساتھ وقت گزارا ہو، یا حال ہی میں ایسے ممالک میں وقت گزارا ہو جہاں کرونا وائرس پھیلا ہوا تھا۔
- بخار یا سانس کی نالی کی انفیکشن میں مبتلا وہ لوگ جو ہسپتال میں داخل ہوں اور انفیکشن کے ساتھ قوت مدافعت کی کمزوری کا بھی شکار ہوں، جیسے کہ پرانی بیماریوں میں مبتلا یا ایچ آئی وی ایڈز کا شکار یا بہت ہی ضعیف لوگ۔
- سانس کی بیماری کا شکار وہ لوگ جن کا کرونا وائرس کی وبا کی روک تھام میں کلیدی کردار ہے جیسے کہ لوگوں کو صحت کی خدمات پہنچانے والے ہیلتھ ورکرز یا صحت عامہ کے لئے کام کرنے والے افراد۔
- ہسپتال میں داخل وہ شدید بیمار لوگ جن کی بیماری کی تشخیص غیر یقینی ہو۔

## 2 دوسری ترجیح

ہسپتال یا کلینک میں آکر دکھانے والے وہ لوگ جو کرونا وائرس میں مبتلا ہونے کی مصدقہ تعریف پر پورا اترتے ہیں، خاص طور پر وہ جن میں دیگر بیماریاں بھی موجود ہیں جیسے کہ ذیابیطس، پھیپھڑوں اور دل کی پرانی بیماریاں، اور حمل کی کیفیت وغیرہ۔

## 3 تیسری ترجیح

ایسی جگہ موجود لوگ جسے صحت عامہ کے حکومتی ادارے مانیٹر کر رہے ہوں۔ جیسے کہ قرنطینہ میں رکھے گئے افراد یا وہ لوگ جو کرونا وائرس کے مریض کے ساتھ رابطہ میں رہے، یا وہ لوگ جو ملک میں کرونا وائرس کی تحقیق میں شامل ہوں۔

مزید معلومات کے لئے:

ہیلپ لائن 1166 پر رابطہ کریں

ای میل corona.info@nhsrc.gov.pk

ویب سائٹ www.nhsrc.gov.pk

**Government of Pakistan**
Ministry of National Health Services,
Regulations & Coordination

صحت مند پاکستان